| بیچ دریا کی ایک اوڑانی کر | یعنی فرما کی اوسکو خاکستر | تا کہ معلوم کرلین دیکہیدین | دیکہہ کر سب بچشم عبرت بین |
| | کر جلا کر جیسے کرین نابود | وہ بہلا کیسی ہوسکی معبود | |

اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہی تمہارا کوئی نہین معبود | اوس خدا کی سوا کہین موجود | نہین معبود ہی کوئی جس بن | ازرہ ہوش اور خرد ممکن |
| کہ سمایا ہی جسنی ہر شے کو | علم و دانش مین اپنی اونکو تحو | قصہ کوتاہ عجل کو لیکر | ڈالا دریا مین کرکی خاکستر |

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسی طرح مثل حال کلیم | ہم سناتی ہین اے نبی کریم | تجکو اخبار اون امور کے اب | وہی جو گذری ہین تجسی پہلی سب |
| | تا کہ حاصل ہو تجکو بینائی | اور زیادہ ہو علم و دانائی | |

وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ۖ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۙ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور دی ہم نے الہی عالیجاب | پاس اپنی سی تجکو ایک کتاب | جو کوئی ہو وہی اوس سے روگردان | یہی نہ مانی کتاب اور قرآن |
| بس یقیناً شکست اوٹہائی وہ بدکار | دن قیامت کے ایک بوجہہ اور بار | رہتی اوس بوجہہ مین ہین وہی ہمیشہ | کہینچین اوس بار سے سزا و تپش |
| | اور برا اونکو ہی بہ روز شمار | سر پہ رکہہ سر بسر اوٹہانا بار | |

پس بہ نرمی دیا جواب اونکو | معذرت سی کیا خطاب اونکو | گرچہ چہوٹی تہی وی برادر دو | رکہہ کی ملحوظ رقت دل کو

قَالَ يَا بْنَؤُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَأْسِيْ ج إِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْ إِسْرَآئِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ

کہنی ہارون لگا باتعطاف | بامید تفقد و الطاف | کای مری والدہ کی بیٹی تو | نہ پکڑ میری ریش و ڈاڑہی کو

اور پکڑ مت تو میری سر کی بال | سن مرا عذر اے تو خوش خصال | بیگمان ہین نی اوس سے ڈر کہایا | اوس سخن سی ہین خجالت ہین آیا

کہ مقابل جو اون سے ہو جاؤن | یا کہ تجہ پاس چہوڑ کر آؤن | تو کہی گا کہ تفرقہ ڈالا | تونی بیٹوبیون مین سر تا پا

اور نہ تونی رکہی نگاہ اور یاد | بات میری جو مین نی کے ارشاد | اہل تحقیق نی کیا ہی رقم | جانی وی طور کو لگی جسدم

بولی ہارون سے کہ ای برادر تو | تستفق رکہیو قوم اپنے کو | اس سبب سے مقابلہ نکیا | اونکو سمجہا فقط زبان سے دیا

پر نہ مانی کسینی اونکی بات | پوجتی عجل کو رہی دن رات | سنکے ہارون کا وہ عذر و جواب | یون لگی کرنی سامری سے خطاب

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ ۝ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ

کہنی اسطرح سے لگا موسی | کہ ہی کیا حال سامری تیرا | کہ لا دیکہا تہا مین نے اوسکی تئین | جسکو دیکہا تہا اون سبھون نے نہین

| اہی مین جبرئیل کی تئین دیکہا | جسکو اوس قوم نی نہ دیکہا تہا |

فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ۝

پہر لی کمشت مین نی خاک سم | تہ سم اسپ رسول سی لیکر | پہر مین ڈالا جوف عجل اوسکو | کہ اوٹہا بولتا وہ زندہ ہو

اور یہی مصلحت دی میری تئین | نفس میری نی ای پیمبر دین | اسطرح سے لباب مین آیا | قصد موسی نی اوسکا فرمایا

چاہتی تہی کہ قتل فرماوین | اسفل السافلین کو پہونچاوین | پس رہی قتل سی وہ اوسکی باز | حکم حق سی کیا نہ دست دراز

کہ سخاوت سے اوسکی فائدہ ور | ادن دنون مین تہی آدمی اکثر | خلق کو فائدہ جو پہونچایا | زندگانی کا اوسنی پہل پایا

ہر نہالی کہ برگ دار و بر | باد ز آب حیات تازہ و تر | در الحیہ لی میوہ باشد و سایہ | بر گہرہ و تنور را مایہ

قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ أَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ

کہنی موسی لگا کہ اب تو جا | پس تجہی زندگی مین ہی وہ سزا | کہ کہا تو کریگا لوگون کو | نہ کرو مس مجہی نہ تم چہیڑو

| | | | |
|---|---|---|---|
| پھر نکالا نبا کی اونکی لیے | زیور و زر گلا کی اونکی لیے | ایک بچہڑا کہ ہی وہ ایک بدن | جسمین بولی ہی گا کی ہمہ تن |
| پھر لگی کہنی اسطرح وی سب | کہ یہ معبود ہی تمہارا اب | اور معبود موسی عمران | پس گیا بہول جو گیا ہی نادان |
| | پا گیا بہول سامری لعین | کہ ہوا تارک ثبات و یقین | |

افلا یرون الا یرجع الیہم قولا ولا یملک لہم ضرا ولا نفعا ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| کیا نہین دیکہتی وہی عجل سرشت | بادہ شرک سی جو ہین سرمست | کہ نہ دیتا ہی عجل اونکو جواب | کرتی ہر چند ہین وہ اسکو خطاب |
| اور نہ وہ اختیار مین رکہتا | اونکا نقصان اور نہ سود ذرا | پڑہتی جو یرجع کو ہین منصوب | قول اونکا بصعف ہے منسوب |
| | جان لیں وہ کہ ناصیہ کے تئین | نہین لاتے ہین بعد فعل یقین | |

ولقد قال لہم ہارون من قبل یقوم انما فتنتم بہ ع
وان ربکم الرحمن فاتبعونی واطیعوا امری ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور تحقیق کہہ چکا ہارون | اون سے قبل از رجوع موسی یون | کہ اے میری قوم کچہ نہین ہی مگر | آزمائی گئی ہو تم اوسپر |
| اور تحقیق رب تمہارا ہے | جسکی رحمت بیان سے بالا ہے | پس چلو میری راہ پر سب تم | اور مرا حکم مانو اے مردم |
| | اگرچہ ہارون نے کی نصیحت و پند | پر ہوی کچہ نہ اونکو فائدہ مند | |

قالوا لن نبرح علیہ عاکفین حتی یرجع الینا موسی ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| بولی ہم سب رہین مدام اوسپر | معتکف ہو کرین قیام اوسپر | جب تلک آئیگا اولٹ ہم پاس | طور سی موسی دقیقہ شناس |
| یعنی ہم پوجتی رہین یکسر | گاؤ سالہ کو اوسکی آنی تک | پھر جو موسی وہان سے پھر آیا | پہلے اونپر عتاب فرمایا |
| پھر مقابل ہوا برادر ساتھ | ڈالی غصہ سے اوسنے دونوں ہاتھ | کہینچی اپنی طرف بزور کمال | ریش اور ناصیہ کے اوسکی بال |

قال یہرون ما منعک اذ رایتہم ضلوا الا تتبعن ط
افعصیت امری ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| کہنے لگا وہ خشم مین یون | کہ تبا تو مجہی تو اے ہارون | کون سے شی نے تجکو باز رکہا | جب گمراہی مین اونکو دیکہا تہا |
| کہ وی گمراہ ہو گئی یکسر | آئی گوسالہ کی پرستش پر | یہ کہ پیچہی میری چلا تو نہین | خشم مین آنہ کی حمایت دین |
| یا کہ پیچہی میری نہ تو آیا | میری پاس آپ کو نہ پہونچایا | کیا کیا تونی ردِ مرا فرمان | حکم میری سی کرلیا عصیان |

الغرض جب وہ قوم پاس آیا | اونکو شور وخروش مین پایا | گرد گوسالہ باندہ حلقہ وصف | ناچتی تہی بجا بجا کر دف
پہلے اونپر کیا عتاب آغاز | پہر کیا اسطرح خطاب آغاز

قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ط

یون لگا کہنی وہ ستودہ صفات | قوم میری بتاؤ تم یہ بات | کیا نہ وعدہ دیا تہا تم سب کو | رب تمہارے نی وعدہ نیکو
یعنے توریت کا تمہاری تئین | حق نی وعدہ کیا تہا پیش از ین | جسکو لینی گیا مین وعدہ کر | لیکے ہمراہ قوم کے افسر

اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ

کیا ہوا تہا دراز تم پر وقت | اور مین آیا اولٹ کے ہوا وقت پر | یعنے آیا مین اپنے وعدہ پر | تمکو وعدہ کیا جو مین دیکر

اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ

یا ارادہ کیا وہ تمنی اب | کہ اوتر آئی تمپہ خشم وغضب | رب تمہارے کا اسی تیزش پر | پوچھتی ہو جو عجل تم یکسر
پس سراسر خلاف تمنی کیا | اپنی وعدہ سے وہ جو مجکو دیا | اسی نہ ثابت رہے تم ایمان پر | مجہسے وعدہ ثبات ایمان کر
اور کیا حکم پر مری نہ قیام | برخلاف امر کی کیا اقدام

قَالُوْا مَاۤ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَاۤ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ

بولے ہمنی نہین خلاف کیا | اپنی وعدے سے تجکو تہا جو دیا | قوت واختیار اپنی سے | طاقت واقتدار اپنی سے
اور لیکن اوٹہائی ہمنی تمام | اسی اوٹہائی گئی تہی ہم نا کام | بارہای ظروف اور زیور | قوم قبطی سے عاریت لیکر
پہر دیا پہینک ہمنی انکو شتاب | حکم ہارون سے آگ مین اونکو | پس اسے وضع وطرز سی ڈالا | آگ مین سامری نی سرتاپا
یعنے ڈالا اسیطرح لیکر | سامری کی جو پاس تہا زیور | کہتی ہین کر لیے شمار تمام | جبکہ وعدہ کی قوم نی ایام
سامری اس سخن سی پیش آیا | اسلیے خلف وعدہ فرمایا | کہ تمہارے جو پاس ہے زیور | ہی سراسر حرام وہ تم پر
پس ہے لائق کہ دین ہم اونکو ڈال | آگ دہکا کی قعر مین فی الحال | پہر گڑہا کہود آگ دہکا کر | لا کی ڈالا اسمین وہ زیور

فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَاۤ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۥ فَنَسِيَ ط

اور کیا چیز ہے وہ انکو شتخو  لائی جلد او شتاب جو تجکو  قوم تیری سے ای کلیم اللہ  وی جو آئی یہان تری ہمراہ
کہنے موسیٰ لگا وی قوم سب  آتی ہین میرے نقش پی پر اب  اور مین آیا شتاب تیری طرف  میری پروردگار بہر شرف
کہ تو راضی ہو مجہسی اور خوشنود  نہ کہ تعظیم اپنی ہے مقصود

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ

اسطرحسی خدا نی فرمایا  کہ بتحقیق ہمنی بھلایا  تیری اوس قوم کو تری پیچہے  پاس ہارون کی وی جو مردم تھے
اور بہلائی راہ اونکی تئین  سامری نی بنا بنا کر دین  یا وہ گمراہ تہی اون سب مین  اوس ضلالت کی امر و منصب مین
بیشتر کرتی ہین اوسے منسوب  سو قوم و قبیلۂ یعقوب  یا وہ تہا ایکمرد کرمانی  بغض و کینہ وری مین لاثانی
موسیٰ ابن ظفر تھا نام اوسکا  کچہ نہ تھا جز نفاق کام اوسکا  نسل یعقوب سے کہی جس سال  قتل فرعون نے جو وی اطفال
آتم جان لی گئی علی التعجیل  اک جزیری مین اوسکو جبرئیل  پیغمبرانی مسلط اوسپہ کیے  جبرئیل اوسکی پرورش کر لیے
آتی اوس پاس تہی جو روح امین  اونکو پہچانتا تہا وہ بیدین  لایا فرعونیونکی غرق کی دن  قبضۂ خاک وہ مبارک گین
اسپ روح الامین کی سم سی اوٹھا  اور اوسکو محافظت سے رکہا  جب گئی طور کو کلیم اللہ  کہنی ہارون سے یون لگا گمراہ
کہ لیا تہا جو مین نی زیور و زر  عاریت قبطیون سے سر تا سر  جانتا ہون اوسے امانت مین  اوسمین کرتا نہین خیانت مین
اور جو یعقوبیونکی پاس ہے زر  جانتی ہین اوسے روا یکسر  ہر تصرف کے وا اوسمین کرتی ہین  حق تعالیٰ سی کچہ نہ ڈرتی ہین
حکم فرما کہ لائین اوسکی تئین  آگی تیری گلا مین اوسکے تئین  الغرض اپنی وی گہرن سے نکال  حکم ہارون سے لائی وہ زر و مال
کر کی گہٹا وہ اک گڑہی مین رکہا  بہر یکایک وہی آگ اوسکو لگا  سامری نی بقالب خاک کے  ازرہ زرگری و چالاکی
بہر گیا وہ گداختہ سب زر  اوس گڑہی مین سے یکبیک لیکر  کہ وہ نکلا بشکل گوسالا  اوسمین اوس مشت خاک کو ڈالا
پیش آیا وہ حسن و حرکت سے  جی گیا اوسکی فیض و برکت سے  تن ہوا اوسکا پست سے ممتاز  اور لگا کرنی یکبیک آواز
یا وہ زندہ نہین ہوا لیکن  ماری اک بانگ جان ڈالی بن  کہ رکہا بہر سجدہ سر بر زمین  جملہ یعقوبیون نے اوسکی تئین
ہو گئی سر بسر و عجل پرست  نشۂ کفر و شرک سی سرمست  پس خدا نے کلیم کو ناگاہ  قوم کی حال سی کیا آگاہ

فَرَجَعَ مُوسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا

پس بہر آیا کلیم لیکے کتاب  بعد چہل روز امیعانی باب  قوم پاس اپنی سن خبر کی تئین  خشم و غصہ بہرا ہوا غمگین

اور مرد کا نام موسیٰ ... قبیلہ سامرہ از ... غلامان ... ١٢ ... اسم ... ضلالہ ... ١٢

ایسی شی نی کرڈ ہالک اونکو لیا
اور ہنین راہ اونکو دکہلائی

یم قہر و غضب مین غرق کیا
یا ہنین راہ اونسے خود پائے

اور فرعون نے کیا گمراہ
یا کہ دریا مین گم گیا اونکو

قوم اپنی کو ای رسول اللہ
اور نہ ناجی ہوا وہ خود بد خو

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ قَدْ أَنجَيْنَاكُم مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوَاعَدْنَاكُمْ جَانِبَ الطُّورِ الْأَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۝

پہر کہا ہمنی کا ای نبی یعقوب
اور کیا ہمنی وعدۂ تورات
یا کہ اوس طور کی بجانب راست

جبکہ اعدا گئی سب اونکی ڈوب
اوس تمہارے رسول سی بالذات
ہمنے وعدہ دیا وہ سکم و کاست

ہمنے اوس سے نجات دی تمکو
جانب طور وہ جو ہی ایمن
اور اوتارا تہا تیہ مین تمپر

تہا جو فرعون تم سبہونکا عدو
ای مبارک بہت وہ ہی بہمہ تن
من و سلوی کو ہمنی سر تا سر

كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِي ۖ وَمَن يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَىٰ ۝

اور کہا ہمنی کہاؤ ای لوگو
اور جو تم جاؤ اوسکی حد سے گذر

ستہری چیزون سے جو دیا تمکو
تو ہونا نازل مرا غضب تم پر

اور حد سے نہ گذرو اوسمین تم
اور جس پر مرا غضب اوترا

چہوڑ و اسراف و لطر ابہر دم
فضولی کرن ١٢
پس ہوا وہ ہلاک اور گرا

[illegible] ١٢

وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدَىٰ

اور ہین آمرزگار ہون اوسکا
پہر ہا راہ راست پر وہ مدام
کہ ہمارے لیے مقرر کر
حکم پہونچا کہ ای کلیم اللہ
چہوڑ ہارون کو اپنی جاگہ پر
متوجہ ہوی بجانب طور

شرک سی پہر کی جو یقین لایا
پیرو سید بلند مقام
اب تو احکام شرع و دین بکسر
لیکی اشراف قوم تو ہمراہ
لیکی اشراف قوم سی ستر
آخرش چپ ہا وہ تہوڑی دور
کہ ہوئی اس خطاب سے ممتاز

اور لایا بجا وہ نیک عمل
جب گئے بحر مین وا عدا ڈوب
پس مناجات مین ہو مشغول
جانب کوہ طور کر اقدام
دیکہی چالیس روز کا وعدہ
قوم کو چہوڑ کر بشوق تمام
آئی حق کیطرف سے یون آواز

حسب فرمان حق عز و جل
بولی موسی سے وہ بنی یعقوب
کہ وہ اوکے دعا ہوئی مقبول
تاکہ توراۃ ہو تجہی انعام
یا فقط تیس روز کا وعدہ
زود تر کوہ پر کیا اقدام

وَمَا أَعْجَلَكَ عَن قَوْمِكَ يَا مُوسَىٰ ۝ قَالَ هُمْ أُولَاءِ عَلَىٰ أَثَرِي وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضَىٰ ۝

لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور جو کوئی آوے مومن ہو | اپنی خالق کی پاس انکھو شتخو | کر لیے جسنے کار شائستہ | جسکا ہو گیر و دار بایستہ |
| | پس یہی لوگ ہین سب سے بلند | جنکے درجات و مرتبے ہین بلند | |

جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط
وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ع ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| باغ رہنی کی ہی بلند وقار | بہتی نیچے سے جنکی ہین انہار | رہنی والے مدام ہون جنمین | خرم و شاد کام ہون جنمین |
| اور یہ اوسکی ہی جزا و بدل | جو ہوا پاک کر کے نیک عمل | آگی اسکی ہی ایک سنت اور | کر تلاوت اوسے بدیدۂ غور |

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۵ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ ع
طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ج لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور کیا ہمنے وحی موسی کو | کہ نکل رات سے تو ای خوشخو | لیکے بندے ہمارے اور عباد | وے جو یعقوب کے ہین سب اولاد |
| پس مقرر کر اونکو تو یک راہ | بحر مین خشک اے کلیم اللہ | نہ ڈریگا تو اونکی پانی سے | یعنے اعدا کی پیچھے آنی سے |
| اور نہین تجکو ہوگا خوف و خطر | ڈوب جائیگا ایستادہ سیر | کتنے ہین یہ معجزات کلیم | اوس لعین کو ہوا نہایت بیم |
| پس لگا رنج دینے اور ایذا | جملہ یعقوبیونکو حد سے سوا | تب یہ موسی کو حکم بہجوایا | لے نکلنے کو اونکی فرمایا |
| اور بحکم تعالے و تسکین | یون کیا اطلاع اونکی تئین | کہ وہ فرعون لیکی اک لشکر | آملے جو کنار دریا پر |
| دیجیے راہ خشک اوسمین قرار | اوس سے خطرہ نہ کیجیے زنہار | الغرض نکلے وے پیمبر دین | رات کو لیکے ساتھ اونکی تئین |
| جبکہ انجم کے لیکے ساتھ سپاہ | پکڑی فرعون شب نے اپنی راہ | موسی چرخ نے کیا ہمہ تن | ساحل نیل آسمان روشن |
| تب ہوے قبطیونکو اوسکی خبر | لیک اودن رہے وے اپنی گھر | نہ تعاقب وے کر سکے بد کیش | کہ بلائی عظیم آوے پیش |
| | دوسرے روز آئے اکٹھے ہو | اپنی ہمراہ لائے لشکر کو | |

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۵
وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہر دیگا پیچھے اونکی انکھو شتخو | لیکے فرعون اپنی لشکر کو | پہر لیا ڈہانک اونکو دریا سے | وے جو اعدا تھی خونکی پیاسے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور البتہ جان لوگی تم | کہ ہی ہم مین سے کون اے مردم | سخت تر از رہ نکال و عذاب | اور پائندہ تر ز وجہ عقاب |
| یعنی تم جان لوگی ای لوگو | مجکو اور اوس خدائے موسیٰ کو | جسپہ لائی ہو آج ایمان تم | ہو گئی صرف باد و جان تم |
| الغرض سر سبر وے جادوگر | جذبۂ حق کی جام کو پیکر | دامن از فکر غیر افشاندند | لیس فی الدار غیرہ خواندند |

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ط اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ط

| | | | |
|---|---|---|---|
| بولی ہمنہین نہ ہم زیادہ کبھو | تجکو اوس شی پہ آئی جو ہمکو | آئیون سے کہ ما ہین ہمہ تن | معجزون سے کہ ہین وہ سب روشن |
| اور نہ اوسپر زیادہ سمجہین ہم | جسنے پیدا کیا ہمین بکرم | پس تو کرلے وہ حکم جسکا تو | حکم و فرمان ہی کرنیوالا تو |
| ہے نہ اس بن کہ تو کریگا کام | اس جہانکی حیات مین انجام | اہل تحقیق نی کیا ہی رقم | کرنی سجدہ لگی وی سب باہم |
| دیکھکر وقت سجدہ خلد نعیم | ہو گئی مستقیم دین کلیم | پس بتوفیق خالق منعام | کرنی اسطرح سی لگی وی کلام |

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ط وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہم تو ایمان لائی ہین یکسر | اپنی پروردگار و خالق پر | تا کہ وہ بخش دی ہمارے خطا | ای سعی و کفر سر تا پا |
| اور تا انکہ بخش دی وہ گناہ | جسپہ تونی ہمین کیا اکراہ | جسپہ تو زور ساتہ پیش آیا | سحر و جادو جو ہمسی کروایا |
| اور خدا خوب تر ثواب مین ہے | اور پائندہ تر عذاب مین ہے | اہل تحقیق نی یہ فرمایا | زور سے اونسی سحر کروایا |
| اوس خطا کی مواخذہ سے وری | مغفرت چاہنی لگی یکسر | کہ علی الرغم دین سرور دین | اوس سے ماخوذ ہوتے پیش ازین |
| | خواجۂ دین کو مرتبہ وہ دیا | کہ دہ ہمت سے اونکی رفع کیا | |

ثلثۃ ارباع

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ط لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہی مقرر یہ بات جو کوئی | آوی از راہ شرک و بدخوئی | اپنی خالق کی پاس مجرم ہو | یعنی کافر مری وہ انجو شخو |
| پس بلا شک ہی دوزخ اوسکی لیے | نہ مری جسمین اے سنین وہ جیے | یعنی ایسا عذاب مین اوسکو | کہ نہ اوسکو نجات اوس سے ہو |
| | نہ مری تا عذاب سی چہٹ جائے | نہ جئے تا کہ استراحت پائے | |

وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ

ایک ڈر اور خوف کو موسے
کر رہی امر ملتبس اوسکا
اسی نہو خامش عام کو تمہارا
اونکا جادو اور اوسکا وہ اعجاز
یا عصا ڈالنی وہ پائی نہین
کہ وہ ہون منتشر برو زمین

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلٰى ۝ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتٰى ۝

ہمنے اوس سے کہا کہ تو مت ڈر
دور کر اپنی دل سی وہم و خطر
تو تو اون ساحرون سے اوپر ہے
معجزہ مین تو اپنی برتر ہے
اور تو ڈال دی اوسی جو شے
داہنی ہاتھ مین وہ تیری ہے
کہ نگلنی سی او سکے پیش آئے
جسکو وہ ساحر اب بنالائے
نہ بنایا ہی اون ہونے مگر
ایک مکر و فریب جادوگر
اور نہین چھوٹ پائی جادوگر
جسجگہ پر کہ آئی جادوگر
پس عصا جب وہ کلیم نی ڈال
اژدہا ہو نگل گیا فی الحال
ساحرون کے وہی سحر کی ادوات
اونکی فرمائی حق نی بالا بات
ماری ڈر کی وہان سے جادوگر
بہاگنی یکبیک لگی یکسر
پہر جو موسی نی ہاتھ مین وہ لیا
اژدہا سے عصا خدا نی کیا
دیکھ اوس معجزہ کو جادوگر
لائی ایمان خدا کی قدرت پر

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسٰى ۝

پہر گرائی گئی زمین پہ وہان
مردم سحر کار سجدہ کنان
بولی ایمان لائی ہم یکسر
رب ہارون اور موسی پر

قَالَ آمَنْتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۖ

کہنی اسطرح سے لگا وہ لعین
ہان تمنی لیا اب او سکے تئین
پہلے اوس سے کہ حکم دون تمکو
ہان نی پر مین آوکی ای لوگو
بیگمان وہ بڑا تمہارا ہے
دم اوستادی او سنے مارا ہے
جسنے تمکو سکہا لیا جادو
تاکہ زیر و زبر کرو ہمکو
لائی ہو اسلیے تم اوسپہ یقین
ملکی تا اوس سے ملک یہ چہین

فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ ۬ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقٰى ۝

پس کٹاؤنگا اون تمہارے ہاتہ اور پا
ان مخالف طرفسی مین لسزا
اور کہچواؤن تمکو سولی پر
مین تنونین کہجور کی لیکر

اور البتہ

بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ

بولی دی اوس عنید سی ڈر کر
اپنی جادو کی زور سے ناگاہ
یا قلوب اکابر و اشراف
اسم ان ہی اسجگہ مضمر
کہ پہر حال دیتی ہین وقرار
ہی وہ طاہر جو پڑہتی ہین یا سے
لام کو وہ بمعنے الا

ہین مقرر یہ دونون جادوگر
اور اوڑہا دین تمہاری خاصی راہ
پہیرین اپنی طرف کو ڈال خلاف
بعد ان وہ تثنیہ ہے خبر
تثنیہ مین الف کو ای ولدار
جیون ہے منقول بعض قرا سے
جانتا ہی وہ حرف استثنا
ماری غصہ کے ماریجان ہو

جا ہتی ہین کہ دینوین تمکو نکال
ای اوڑہا دینوین وہ تمہارا دین
بعد ان جو تثنیہ ہی یہان
یا وہ ہذان اسم ہی اوسکا
یا ہی ان نعم کے معنے پر
حفص نی اوسکو نافیہ سی گین
الغرض سنکی ساحرونکا جواب
یون کیا حکم اپنی اعوانکو

اس تمہاری زمین سے فی الحال
اور کرین اپنا آشکارا دین
چند اقوال او سمین ہین الحان
جسطرح سے لغت ہی حارث کا
اوسکا مابعد مبتدا و خبر
ساتہ تخفیف کی پڑہا وہ ان
ہو گیا سبر وہ قہر و عتاب

فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا صَفًّا ۚ وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ

پہر مقرر کرو سب امیر وم
اور بیشک فلاح پاوے آج
قصہ کوتاہ آسے جادوگر
کر کی چوب و جبال کو کاوک

اپنی آلات سحر و ساحر تم
یعنے جسکے ہاتہ آئی آج
ساز و سامان سحر کا لیکر
پہر کی زیبق سی لائی وی بیباک

پہر تم او قطار باندہ اور صف
جو ہوا اوسپہ غالب اور بالا
باندہ ستر ہزار اپنی صفوف
اہل تحقیق نی کیے جو شمار

یعنے میدان جو عدہ گہہ کے طرف
جادو و سحر و ساحری والا
کر لیا اوسجگہ قیام و وقوف
تہی وہی سیصد جوال او خروار

قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ

بولی ساحر ادب رکہکی نگاہ

اسطرح سے کہ ای کلیم اقتدار
اور یا ہم ہون پہلی چوب و رسن

یا کہ اپنی عصا کو ڈالے تو
ڈالنی والی اب جہان ہمہ تن

اژدہا اوسکا ابہی بنا لی تو

قَالَ بَلْ أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ
أَنَّهَا تَسْعَىٰ ۝ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُوسَىٰ

کہنی موسی لگا کہ امیر دم
اٹین اوسکے خیال مین یکسر

بلکہ چوب اور رسن کو ڈالو تم
اونکی جادو سی اسقدر سیر

پہر تب ہی جملہ رسیان اونکے
کہ بلا شک وہی دوڑتی تہین سب

اور ناگاہ لاٹھیان اونکی
پہر لگا پانی اپنی جی مین تب

| | | | |
|---|---|---|---|
| کہ نہ اوس سے کرین تفاوت ہم | اور نہ ماری خلاف سے تو دم | اوس مکان مین کہ ہو وے یکسان وہ | صاف و ہموار ایک میدان وہ |
| | تاکہ آوین جو دیکھنی کو شبہ | بی تکلف کرین نگاہ و نظر | |

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ٥

| | | | |
|---|---|---|---|
| یون لگا کہنی وہ پیمبر دین | وقت وعدہ کا ہی تمہارے تئین | روز آرائش اہالی مصر | جو ادانی ہین اور اعالی مصر |
| اور اوس دن کہ تو کری کہتا | قبطیونکی تئین بوقت ضحی | یا کہ اکہٹی وہی سب کیی جاوین | دن چڑہی اک مکان مین آوین |
| یوم زینت جو ہے یہان ارشاد | اوس سے نوروز یا ہی عید مراد | یا کہ ہی اوسکا روز سالگرہ | کرتی جشن و تہی جشن وہی کہ وہ |
| دونون شخصونکو تہا غرض الزام | یکدگر کا بازدحام عوام | چاہتا تہا وہ کافر بد دین | سبکے آگی ہر اوس فرقی تئین |
| | اور دیا چاہتی تہی یون الزام | روبرو سبکی وہی بلند مقام | |

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ٥

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہر پہرا مثل بخت برگشتہ | وہان سے فرعون سخت سرگشتہ | پہر کیا جمع اوسنی اور اکہٹا | اپنا مکر و فریب اور دغا |
| پہر وہ اوس وعدہ گاہ پر آیا | کید اور مکر جمع کر لایا | یعنی لایا وہ ساحرون کے تئین | اور آلات ساحرونکی لعین |

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى

| | | | |
|---|---|---|---|
| کہنی سطر ہے لگا ناگاہ | ساحرونکی تئین کلیم اللہ | وای ہی تمکو اب باندہو تم | حق تعالی پہ جہوٹہہ اے مردم |
| پس کریگا تمہین تباہ و ہلاک | ایک آفت کو بہیج خالق پاک | اور ہوا نامراد وہ انسان | جسنی باندہا دروغ اور بہتان |

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ٥

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہر جہگڑنے لگی وہی جادوگر | اپنی آپسمین کام اپنی پر | اور چہپانی سی بیشتر وہی آئے | مشورہ جو درمیان لائے |
| یعنی موسی کی وہ سخن سنکر | یون جہگڑنی لگی سب یکدگر | کہ وہ موسی کی گفتگو یہ مقال | ہی نہ زنہار ساحرونکی شمال |
| اور کیا اوسنی مشورہ چہپکر | تہی جو فرعونکی وہان جاکر | کہ جو بالا ہوا اوسکی ہی پر بات | لائیں ایمان او پہ ہم بالذات |
| کہتی ہین یکتا تہا اونکی تئین | ایک غرفہ سی وہ عنید لعین | سنکے شور و فغان بحث و جدال | اونسی بولا یہ کیا ہی قیل و قال |

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور اوتارا افلاک سی پانی کو | خلق کی جس سے زندگانی ہو | آگی غیبت سے ہی تکلم رب | غور سے التفات کر تو اب |

فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ۝ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| پھر ہم اوسی نکالنی سی بیش | ساتھ اوس آب کے بقدرت خویش | قسمون قسمونکی سبزی اور نبات | مختلف اور منتشر بالذات |
| ہمنے فرمادیا کہ تم کھاؤ | اوس سے جو قابل خورش پاؤ | اور چراؤ مواشی اپنی کو | وہ جو چرنی کی اونکی لائق ہو |
| بیگمان اسکلام مین بیشک | آیتین ہین خداکی قدرت کی | عقل و ہوش اور تمیز والون کو | جنکا مسلک طریق نہی نہو |

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝ ع

| | | | |
|---|---|---|---|
| اوس زمین سے یعنی روز نخست | ہمنے پیدا کیاہی تمکو درست | اور اوسی من مین ہم تدفین | پھیر لاوینگے ہم تمہاری تئین |
| اور اوسی سے نکالین ہم تمکو | دوسرے بار جب قیامت ہو | ہی یہ تنبیہ انمین کہ نطفہ بہ | ڈالتی ہین ہم علوق بشر |
| اوسکی مدفن سے لی فرشتی خاک | حسب فرمان حکم خالق پاک | پھر اوسی خاک مین کرین تدفین | پھر نکالین ہین اوس سے روز یقین |
| الغرض سنکی یہ کلام کلیم | چاہنی معجزہ لگی وہ لئیم | پس دیا یکبیک عصا کو ڈال | کہ عصا اژدہا ہوا فی الحال |
| پھر لیا ہاتھ مین جب اوسکو تئیر | اژدہا سی عصا ہوا ودن مین | اس نمط معجزی دکھائی تو | پر نہ تابع ہوا وہ اور پھرو |

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور ہمنی دکھادی اوسکو | اپنی سب معجزات انکو شخو | پس مکذب ہوا وہ بدکردار | اور ایمان سے کیا انکار |
| | یعنے موسی نبی کو جھٹلایا | اور ایمان پر نہین آیا | |

قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| کہنی اسطرح سے لگا خناس | کیا تو آیا ہی اب ہمارے پاس | اسلیے تاکہ دیوی ہمکو نکال | اس ہمارے زمین سی فی الحال |
| | اپنی جادو سی اے کلیم اللہ | تا کہ تعقیر ہونگا ہو دی شاہ | |

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا
لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| پس بتحقیق لائین ہم تجکو | ایک ایسا ہی سحر اور جادو | پس مقرر تو کرنے اور ٹھہرا | ہم مین اور اپنی بیچ مین جدا |

پس فصاحت سے کہولی اونکی زبان اونہی اللہ کی کیا احسان

## قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَى

کہنی موسی لگا انہوں شکوے کہ ہمارا خدا ہی وہ کو سے جسنے کی ہی عطا ہر یک شے شکل اوسکی جو اوسکے لائق ہے

یا بانواع خلق جیوا اسنے کی نظیر اوسکی جسنے ارزانی یا دیا ہر کسیکو ما یحتاج مایۂ زیست جیون طعام و اناج

پہر اوسی راہ اوسنی دکہلائی کہانی پینے کے طرز تبلائی طفل بیہوش شیرخوارہ صغیر پی نی اوسکی لگا عطا سے شیر

شیر پینا جو وہ نہ سکہلاتا کون اوسکی وہ راہ تبلاتا الغرض سنکی یہ کلام کلیم دلمین کرنی لگا وہ خوف اور بیم

کہ دی قبطی جو اوسکو سن پاوین دین باطل سی او سکے پہر جاوین چہوڑین اوسکا وہ دین لا طائل بندگی خدا یہ ہوں مائل

پس کلام اوسجگہ کو پہونچایا آگی ارشاد جیسی فرمایا

## قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُونِ الْأُولَى

کہنی فرعون اسطرح سے لگا کہ ہی کیا حال پہلے قرنونکا یعنے وہ قوم نوح و عاد و ثمود بن خدا کے کہ کرتے جو معبود

کیا سعادت سے کامیاب ہوگے یا شقاوت سے وی خراب ہوے

## قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي فِي كِتَابٍ لَا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنْسَى

کہنی موسی لگا کہ حال اونکا میری رب پاس لوح مین ہی لکہا کچہ بہکتا نہین ہی میرا حق اور نہین بہولتا ہی وہ مطلق

علم اوسکا محیط ہی سب پر جزو اور کل کے ہی اوسکو خبر مین ہون بندہ ون سے اونکی جو تم جانتا ہون نہین کچہ اے مردم

لیک عرشی مجہی تبائی ہے مجکو جسکی خبر بہجائی ہے یا غرض اس سوال سے اوسکو تہی قیامت کے حال سے او سکو

تا کہ اونسے کری وہ بدکردار حال گذری ہو دنکا استفسار پس مخاطب ہوکہ اوسکی تئین خبر خدا کو کوئی جانتا ہی نہین

بعض نے اسطرح یہاں ہے لکہا شاید اوسکا مزاج دہر کے تہا کہ بطرز نبات خودرو جان متعلقت آدمی کو وہ نادان

اوس کلام و سخن سے پیش آیا تب یہ موسی نے اوس سے فرمایا آگی اسکی ہی وصف خالق اور کر تلاوت اوسی بدیدہ غور

## الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

وہ کہ جسنے بنائی گہور ہین فرش گسترده بچہونی کی تئین اور چلائین ہین اوسنی سترا او سمین راہین کہ تم چلو اون پر

بولی ہارون کہ وہ غرور نہاد | کرتا پہلی سے وبد بہی زیاد | جیسے دیکہا تہا تمنی مثل زین | اوس سے شوکت مین ہے زیادہ زین
کم سی کم جرم پر ہی اوسکا کام | سبی مر قتل اور قطع وصلب مدام | متفق ہو کی دونون آخرکار | کرنی اسطرحسے لگی گفتار

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۝

بولی دونون کہ ای ہمارے رب | ہم تو کرتی ہین خوف اسکا اب | کہ شتابی وہ ہم پہ فرمائے | یا کہ وہ سرکشی سی پیش آئے
| ای عقوبت مین وہ کری تعجیل | معجزی تک نہ دیوی ہمکو دلیل |

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ۝

حق تعالی نی یون جواب دیا | اونکو اسطرحسے خطاب کیا | مت ڈرو تم کہ مین تو ہون تم ساتہ | حفظ ونصرت ہی یعنی میری ساتہ
| مین ہون سنتا اور دیکہتا ہر | ای تمہاری دعا اور اوسکا ضرر |

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ

پہر تم اوس پاس دونون جاؤ اب | اور اوس گفتگو سی پیش آؤ | کہ بلاشک رسول دونون ہم | ہین پیمبر تری خدا کی بہم
پس بارض مقدس اے مغضوب | بہیج ہمسا نہ تو بنی یعقوب | اور تو مت ستا اب اونکی تئین | یہ ستم لائق اونہ تجکو نہین
| کہ تو کرتا ہی قتل اونکی پسر | اور لیتا ہی چہین مال اور زر |

قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۝ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝

بیشک رب کی تجکو ہم | تیری خالق کا معجزہ ہمدم | اور سلام فرشتگان اوسپر | جو چلے راہ راست سرتاسر
بکیمان اسطرح بعز وشرف | حکم بہیجا گیا ہماری طرف | کہ ہی اوسپر عذاب ہر دوجہان | جو مکذب ہو اور روگردان
| یعنی جہٹلائی جو رسل کی تئین | اور منہ پہیری اور سے جو بیدین |

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ۝

کہنی فرعون اسطرحسے لگا | کون ہی رب تمہارا ای موسیٰ | گرچہ دونون کو وہ خطاب کیا | لیک اسکو اسطے وہ نام لیا
کہ جو لکنت سے دین جواب اوسکو | نقص پر اونکی اک حجت ہو | ائین حضار رشخند سی پیش | دیکی الزام شاد ہو بدکیش

جو یہ احسان تو ہمیہ فرمائے اپنی احسان کا بدل پائے
پہر وہان سے نکل کے آئی وہ ماکو موسی کی جاکی لائی وہ
پس یکایک وہ شیر خوار اوسنے کرلیا زینت کنار اوسنے

فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ

پہر تجہے پہیر لائے مو سے ہم تیری ما طرف بلطف و کرم
تا رہی ٹہنڈی اور روشن ہے چشم مادر کی تجہسی انکہو شنہو
اور نہو تیری ہجر سے غمگین یا نہ تو ہونی پائی اوس سے حزین
آگی اسکی ہی ایک منت اور حال موسی یہ کر تو اوسمین غور

وَقَتَلْتَ نَفْسًا

اور کیا قتل تونی اک جان کو وہ جو تہا شخص قبطی انکہو شنہو
جیسے آئی تہی چاہتی فریاد تجہسے یعقوب کے جو وہ اولاد

فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا ۚ

پس چہڑایا تہا ہمنی تیری شین قتل کی غم سے ای ہمبر دین
اور لیا ہمنی آزما تجہکو آزمائی سے خوب انکہو شنہو
اسکی تفصیل کو جو چاہے رب مین لکہون سورۂ قصص مین سب

فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلَىٰ قَدَرٍ يَا مُوسَىٰ ۝

پس رہا تو کئی برس او سال اہل مدین مین تہا تو وہ مال
پہر تو آیا یہان بیک ناگاہ ایک اندازہ پر کلیم اللہ
وہ جو اندازہ مقدر تہا اپنی تقدیر مین جو ہمنی لکہا
تاکہ تو ہمکلام ہمسے ہو مصدر احترام ہمسی ہو

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي ۝ اذْهَبْ أَنْتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي
وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي ۝ اذْهَبَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ۝ صلے

اور بنایا ہی ہمین تیری تئین واسطے اپنی ای ہمبر دین
جا تو اور بہائی تیرا اب لیکر میری آیات و معجزی یکسر
اور نہ تم ہیش آو سستی سے یاد میری مین ملکے جتنے سے
جا و دونون بجانب فرعون کہ وہ حد سی گذر گیا ملعون

فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَىٰ ۝

پس کہو اوس سے تم کلام و مقال لینی و نرم مشورت کی مثال
شاید اوس بات سی وہ سوچ کری یا ہماری عذاب سے وہ ڈری
پس چلے مصر کو بیک ناگاہ حسب فرمان حق کلیم اللہ
اونکو آتہا ہی راہ مین فی الحال آتی ہارون ملے باستقبال
کرگی وہ سرگذشت او تسکے بیان ساتہ لیکر ہوی وہان سے روان
سنکے فرمان دعوت فرعون ہوگی خائف مسطوت فرعون

وہ جو آگی سنایا جاتا ہے
جان سے مارتے تھے وہ بیٹے

علم میں وحی بن نہ آتا ہے
نسل یعقوب سے پسر کے تئیں
یوں دیا خواب میں اوسے پیغام

یعنے فرعون بد اعمال
تجکو جنتے تھے تیری مادر جب
اوسکو پہنچی اس طرح الہام

قتل کو ڈھونڈتا تھا اطفال
خواب کہلائی تھی اوسکو [illegible]

**اَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ**

کہ تو اے مام ڈال دے اوسکو
پہر کنارے پہ بحر ڈالے اوسے
اہل تحقیق نے یہ فرمایا
نیل میں اوسے اوسکو ڈال دیا
اتفاقاً کہیں وہ زن اوسکو
بہتی بہتی جو وہ قریب آیا

بیچ صندوق کی کہ چوبی ہو
کہ نظر کرتی تھی اوٹھالی اوسے
ایک صندوق اوسنے منگوایا
آسیہ نے اوسے نکال لیا
بیٹھے اوس باغ میں تھی لب جو
لیکے فی الفور اوسکو کہلوایا

پہر اوسنے ال بیچ دریا کی
ایک میرا عدو اور اوسکا عدو
قہر سے استوار فرماکر
تہا جو فرعون کا سر البستان
کہ یکایک بسطح آب اوسکو
دیکہکر خوبی جمال اوسکی

قہر سے استوار فرما کی
وہ جو فرعون نام ہے بدخو
رکہہ وئی اوسمیں اونکو بہلا کر
اوسمیں تہی ایک نہر نیل روان
رہ گئی دیکہکر وہی ششدر ہو
پرورش کا کیا خیال اونکے

**وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِي**

اور ڈالی تہی میں نے تجہہ تمام
یعنے تیری تئیں جو ڈالیں مار
دیکہہ فرعون نے وہ جمال
تربیت ہر طرح سے فرمائے

دوستی اپنی اور سے ناکام
سبکے علم اوسے ہو طیار
والہ و شیفتہ ہوے فی الحال
کہیں طلب شیر کو کئی دائے
شیر مادر پہر اونکو بلوایا

اور تا آنکہ پرورش تو پائے
اہل تحقیق نے یہ فرمایا
ہوگی صرف کمال دلبندی
لیک پی نے سے تہا نہ کار اونکو
اونہ پہ کیا کیا کرم نہ فرمایا

میری آنکہونکی کی سرتا پا سے
جبکہ وہ رشک ماہ وہ پایا
دلمیں لائی خیال فرزندی
شیر دایہ کا نہ ہار اونکو

**اِذْ تَمْشِيْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ**

جب لگے چلنے ای بلند مقام
کہ تکفل سے اوسکی بہن اوس

تری خواہر کہ تہی وہ مریم نام
پرورش شیر سے وہ فرماوے

بس لگی کہنی مہر سے خواہر
آسیہ نے کہا کہ اے مریم

کیا دلالت کروں میں اوسپر
ہے بہتر اکمال لطف بہ

کہنی اسطرحسی لگاکای رب
اور کر سہل مجھکو میرا کام
ہی روایت کہ جب کلیم تب تہے
بیٹھ گئی وہی او کہاڑنی تکیسپر
مثل پیچ و تاب مین آیا
کہ وہ یک طفل خورد سالہ ہے
بی شعور او طفل نادان ہے
لائی جاکر غلام اور چاکر
کہ زبان پر گرہ پڑی جلکر

کہولدی مجھکو میرا سینہ اب
کہ وہی خلق کو بلاغ پیام
تہی حضانت مین آسیہ کی جسے
رئیس فرعون تہی جو ملک گہر
قتل کا حکم اوسنکے فرمایا
بچہ نہ عقل و تمیز والہ ہے
اوسکو یاقوت و آگ یکسان ہے
طشت یاقوت و مجمر اخگر
دفعۃً اوسپہ گہتی ہی اخگر
پہر دعا یہ زبان پہ لائے

تا سما جاوے اوسمین تیرا علم
اور گرہ تو زبان سے میری کہول
دیکہ فرعون نے وہ حسن جمال
سر سے برست اوسکی تہی کے بال
لیک مانع ہوہ آسیہ آئین
دیکہ ڈارہی کے موتیونکی چمک
اوسکی تک سخن کو پہونچایا
قصہ کوتہ وہ ہین اپنی کہا
اوسکی باعث سے وہ پیمبر دین
اس مناجات سے وہ پیش آئے

یا کہ ہوجاوی مین سراپا حلم
تا کرین فہم میری بات اور بول
گود مین اونکو لی لیا فی الحال
قہر و غصہ سے ہو گئی فی الحال
اسطرح عقد در میان لائین
پیش آیا اس امر سی کودک
کہ وہ اوس تجربہ سے پیش آیا
ایک اخگر لیکا یک اوٹھا
بول سکتی تہی صاف بات نہین

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ۝ هٰرُوْنَ اَخِي ۝ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ۝ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ۝ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۝ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ۝ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ۝

اور ٹھہرا مری لیے تو یار
کر تو مضبوط اوس سے میری کمر
اور کرین ہم ثنا سی یاد تجہے
اہل تحقیق نی کیا تسطیر
چاہیئے ایک ہمشکار اونکا

یا کہ دی ایک اوٹھا نیوالا بار
اور شریک اوسکو میرے کام مین کر
حد انداز سے زیادہ تجہے
چاہیئے ایسلی لگی ہو وزیر
تا کہ ہوے رفیق و یار اونکا

گہر کی لوگون سے میری ہارون کو
تا کرین ہم تجہی بہت تنزیہ
تو تو ہی ہمکو دیکہنے والا
کہ جو اس رتبہ کی ہوئین رسل
جسطرح سے تہی یار غار رفیق

ہی جو میرا برادر خوش خو
ہوون تسبیح تری بوجہ وجیہ
حد سے افزون جو ہر سے بالا
خلق کا اونکو ہو خیال تحمل
خواجہ دین حضرت صدیق

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ۝

حق تعالی نے یون کہا اوسکو | کہ بلاشک دیا گیا ہے تو | اپنا مسئول اے کلیم رسول | یعنی تیری دعا ہوئی مقبول

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ۝ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ۝

اور احسان کر چکے ہین ہم | تجہہ اکبار اور اے ہمدم | جبکہ بہیجا تہا ہمنے اک الہام | تیری مادر کو اے بلند مقام

گاہ ہوتا وہ سایہ دار شجر — گاہ ہوتا درخت بار و ثمر
گاہ ہوتا چراغ شب وہ عصا — کام کرتا عجب عجب وہ عصا

**قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ۝ فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ۝**

حق تعالے نے اسطرح سے کہا — ڈال دے اوس عصا کو اے موسیٰ
پس دیا اوس عصا کو اوسنے ڈال — مثل نعلین کے کی دلمین خیال
پہر یکایک وہ ہو گیا اک سانپ — دوڑتا تھا وہ جیسے بیشک سانپ
تہا سطبر ہمین وہ بید احال — سر سے تا پانک وہ اوس عصا کی شتاب
پہر ہوا اژدہا جسامت سے — جیون شتر طول قد و قامت سے
کہ وہ کرنے لگی وہان سے فرار — مارے ہیبت کی دیکہ ہیئت مار

**قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ۝**

تب خدا نے یہ حکم بہجوایا — اسطرح سے خطاب فرمایا
کہ پکڑ لے اوسے تو اور مت ڈر — پہیر دین ہم اوسکو طرح پہلی پر
یعنے ہوجاے پہر عصا وہ سانپ — ڈر کے مارے کلیم تو مت کانپ
جبکہ موسی نے ہاتہ مین لیا — اژدہا سے عصا خدا نے کیا
مطمئن ہوگئے کلیم اللہ — دفعۃ دفع ڈر ہوا ناگاہ
پہر ہوا اسطرح خطاب اونکو — بعد از دفع اضطراب اونکو

**وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ**

اور لگا لے تو ہاتہ اپنے کو — اپنی بازو سے نیچے انکو تجہو
کہ نکل آئیگا وہ ہوکے سفید — بن برائی کے جسطرح خورشید
نہ کہ ہووے سفید تیرا ہاتہ — علت رنج اور مرض کے ساتہ

**اٰيَةً اُخْرٰى ۝ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ۝**

یہ نشانی بگر اور آیت اور — اپنے پیغمبر سے یہ تو فی الفور
ہمنے اسواسطے کیا یہ کرم — تاکہ دکہلاتی جاوین تجکو ہم
بعض اپنی اون آیتونکی تمیز — کہ بڑی ہین وے اور بزرگ ترین

**اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝**

جا تو یہ دونون معجزے لیکر — سوے فرعون آیتو وہ سیر
کہ وہ آیا ہے سرکشی سے پیش — ہو خدائی کا مدعی بداندیش
جب کے دعوت سے یون ہوا مامور — سمجہے طاقت سے اپنی اوسکو دور
کرنے دلمین لگے وے اپنی خیال — کہ ہدایت ہے اوسکی امر محال
مین اکیلا ہون لشکر اوسکے ساتہ — مین ہون مسکین وزر اوسکی
مجہسے بن فضل خالق منعام — بن نہ آوے کسیطرح وہ کام
پس مناجات کو اوٹہایا ہاتہ — اسطرح عجز اور نیاز کے ساتہ

ع **قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝**

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝

اور مینی کیا ہی تجکو پسند
ساتہ پیغمبری کے ای دلبند
پس سماعت سے اوسکی پیش آ تو
حکم بہیجا گیا ہے جو تجکو

بیگمان ہون میں وہ خدا کہ نہیں
کوئی معبود مجہ بغیر کہین
پس عبادت مری کرا ہی ممتاز
اور کہڑی رکہہ نماز تو بہ نیاز

یاد میری کو تا کہ تیری تئین
میں کرون یاد اپنی ہین

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى ۝

بیگمان حشر آنیوالی ہے
سیری وہ گاہ لاابالی ہے
چاہتا ہوں کہ میں چھپاؤں اوسے
نہ کسیکے تئین بتاؤں اوسے

تا جزا و بدل دیا جاوے
ہر کوئی جسکے سعی فرماوے

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝

پس نہیں روکے دیوی تیری تئین
اوس سے لاتا ہی جنہہ اوسپہ یقین
اور پیچھے پڑا ہی جو گمراہ
اپنی خواہش کے ای کلیم اللہ

پھر ہلاک و تباہ تو ہو جاوے
ترک سے جو نماز کے پیش آوے
یا کہ انکار حشر سے لاوے
جو کوئی شخص تجکو بہکاوے

جبکہ موسی کو حکم یون آیا
صحبت بد سے منع فرمایا
کر غور اتو سلام اسمین غور
پھر بہلا خبر کیا ہی کوئی اور

الغرض اپنی جوتیونکو اوتار
پکڑا موسی نی اوسجگہ جو قرار
تب خدا نی بطرز استفہام
اسطرح سے کیا پہر اونسی کلام

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ۝ قَالَ هِيَ عَصَايَ اَتَوَكَّؤُا
عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ۝

اور کیا ہی بہلا یہ تجکو بتا
ہاتہ دہنے میں تیرے ای موسے
کہنی موسی لگا بیک ناگاہ
وہ عصا ہے مرا کہ گاہ بگاہ

ٹیکتا ہوں میں اوسپہ ماندہ ہو
دشت و صحرا میں جسم و تن کو
اور میں جہاڑتا ہوں برگ شجر
اوسکی ساتہ اپنی گوسفندو پر

اور بہی اوسمیں فائدے ہین اور
میرے آتا ہی کام وہ ہر طور
اہل تحقیق نے کیا تحقیق
نام نامی تہا اوس عصا کا علیق

یا کہ نبعہ تہا اوس عصا کا نام
ونش گزا وسکا کیا ہی ال ارقام
سر کی جانب سے وہ دو شاخہ تہا
اور سنان وار سمت پا لکہا

از سر مور دبہشت اوسکی
کہتی ہین خلقت دبہشت اوسکے
پہلے آدم کو حق نی بہجوایا
اون سے حضرت شعیب نے پایا

اونکو پہنچا شعیب سے وہ عصا
کام آتا وہ اونکی صبح و مسا
گاہ کرتا کلیم سے وہ کلام
گاہ ہوتا وہ پاسدار مدام

گاہ ہوتا مقابل دشمن
گاہ ہوتا بجای دلو و رسن
گاہ رکہتا نگاہ اونکی غنم
خواب راحت میں جاوے جس دم

مین نے دیکہا ہی آگ کو بہ یقین
یاکہ پاؤن اوس آگ پر نگاہ
ساتہ لین آئے زن صفورا نام
پس گیا وادی طوی مین گذر
سب سامان تہی لیکہ شترہ و بار
الغرض از سر کلال و دہول
کہ ہوا ور دزہ بیکبار
پس عنایت خدا نے فرمائے
حق نی اون سے کلام فرمایا

شاید اب لاؤن مین تمہاری تئین
کوئی انسان بتانے والا راہ
یعنی بنت شعیب والا نام
اک مسافت کو قطع فرما کر
تہی ہوا سرد اور فلک نے بار
مصر کی راہ کو گئی وی بہول
زن موسی کو اوسجگہ طاری
دور سے اونکو وہ نظر آئے
اونیہ لطف تمام فرمایا
اوس جگہ سے وہ زن ہو کر گران

اوس سے انکاری گتنی اک جاکر
کہتی ہین جب ہو کے مصر روان
چہوڑ کر مادر اور برادر کو
دشت ایمن سے وہ جو ہی مشہور
ماری جاڑے کی ہوش جاتا تہا
پہونچی نزدیک وادی ایمن
لاجرم آگ کے ہوی خواہان
تہی نہ آتش وہ نور حق کا تہا
پہر نبوت سے دی شرف اونکو
پہونچی اپنی پدر کے آخر گہر

یاکہ آتش وہان سے سلگا کر
شہر مدین سے موسی عمران
آئی رخصت شعیب سے وی ہو
جسکے ہی سرزمین مین وہ طور
راہ ورستہ نہ کچہ دکہاتا تہا
بہول کر راہ وہ اور اونکی زن
پر میسر نہ آئی اونکو وہان
چہوڑ زن کو وہان گئی موسے
بہیجا فرعون کی طرف اونکو

فَلَمَّا اَتٰهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ۝ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ج اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝ط

پہر جب آوے اوس آگ پاس وہ پہنچا
یاکہ فارغ کرا اپنی دل کو تو
تعبیہ کو بتا وہ موسی عمران
اور نہ دیکہا وہان کوئی انسان
دونون جوتی کو جو بخشین پایا
اسلیے خلع سی کیا مامور
خلع کا حکم ہی بپاس ادب

یون پکارا گیا کہ ای موسی
فکر سے مال و زن کے ایچہو شتہو
پہونچی لینے کو آگ کی جو وہان
متعجب ہوے وی اور حیران
خلع کا حکم اونکے فرمایا
تا کرین رکہہ قدم زمین پر ور
بن تو واضع نہین ہے کچہ مطلب
حسر طلقی سی پا برہنہ ہو

بیشک ای موسیٰ ہون مین تیرا رب
تو ہی سیہان پاک مین جسکا
جا کی دیکہی درخت اخضر ہی
تہا مقدس قدیم سے وہ طوے
غیر مدبوغ تہے لیکے چرم حمار
یاکہ جلد بقر سے وہ نعلین
تا مشرف ہون اوس کی پا مس سے
کشہ جانی گئی تہی کعبہ کو

پس اوتارا اپنی دونون جوتے اب
شہرہ یکدگر ہی نام طوی
ایک آتش سفید روشن تر
یاکہ اوس شجر کو اب پہونچا
کہین تہین کو دونون جوتیان طاہر
یاکہ وہ طاہر تہین ابصار عین
برکات زمین اقدس سے

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۝ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ

تب یہ سورہ خدا نے بہجوائی — خوف دین کی شامین آئی

مَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقَىٰ ۝ إِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَن يَخْشَىٰ ۝ تَنزِيلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ وَالسَّمَاوَاتِ الْعُلَى ۝

نہ اوتارا ہی اسلیے تجہپر — ہمنے قرآن کو اےستودہ سیر — کہ تجھی رنج اور الم پہونچے — اسی قدم کو تری ورم پہونچے

لیک بہیجا ہی پند دینی کو — اوس کیلیے جسے ڈر ہو — ہی وہ نازل کیا گیا اوسکا — یعنے بہجوا دیا گیا اوسکا

جسنے پیدا کیا زمین کے تئین — اور افلاک بس بلندترین

الرَّحْمَٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَىٰ ۝ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرَىٰ ۝

ہی وہ رحمان و مہربان تمام — جسنے پکڑا العرش و تخت قیام — ملک و مخلوق سب اوسیکی ہے — جو ہی افلاک اور زمین ہین سنے

اور جو ہی درمیان ارض و فلک — طبقۂ نار و باد و نوع ملک — اور جو کچہ ہے نیچے مٹی کے — یا کہ سیلا زمین کی نیچے

آگی اپنا کیا ہے علم بیان — کہ جلے و خفی ہی اوسکو عیان

وَإِن تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَإِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَى ۝

اور اگر تو کہی پکار کی بات — اوسپہ روشن ہی اےستودہ صفات — بلکہ وہ جانتا چہپی کو ہے — اور چہپے سے چہپی سخن جو ہے

لفظ اخفی سی ہی مراد یہان — دلمین بندہ کی ہو جو راز نہان

اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۝

وہ خداوند پاک ہی کہ نہین — کوئی معبود اوس بغیر کہین — واسطی اوسکے نام ہین بہتر — حملہ نامو نسی اےستودہ سیر

وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ۝

اور کیا آئی ہی بہلا تجکو — بات موسے نبی کی انجو شنخو — یعنے کر صبر مثل موسی تو — گوش دل سی سن اوسکے قصہ کو

إِذْ رَأَىٰ نَارًا فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّي آتِيكُم مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝

جسگہڑی دیکہی اوسنی دور سی اگ — یعنے موسی نے دشت طور سی اگ — پس کہا اپنی اہل سی یہ مقال — کہ رہو تم یہان فرانی الحال

کوئی اونمین نهین رہا کہ دکھائے | یا کہ اونکی بھنک کو تو سن پائے
یون کا نام نکبن ہوے نکیسر | کہ نهین کچھ رہا کسیکا اثر
خاک مین مل گئی بکیبارے | اونکی سارے خودی و خود دارے
سر ہا افسر سر بکو ثبوت | ہوگیا تخت تختۂ تابوت
گمکائی نشان کسرائے | گم گئی دار و گیر دارائے
تخت شاہی سی بلکہ سکندر | گر گیا اک سکندری کھاکر
نہ فریدون رہا نہ کیکاوس | نہ رہا بخت نصر و دقیانوس
اسقدر گفتگو سلام نہ کر | جز مناجات اب کلام نہ کر
یا الٰہی بسورۂ مریم | کر قلم کو مرے مسیحا دم
کہ مین اوس سے رقم کرون جو سخن | ہووے جان بخش جملہ اہل زمن

## سورة طه مكية وهي مائة وخمس و ثلثون آية وكلماتها الف وثلث مائة واحدى واربعون وحروفها خمسة الاف ومائتان واثنى واربعون وركوعها ثمان

اور تری مکی ہین سورۂ طٰہ | سید الانبیا یہ ستر پایا
حرف دو سو ہین اور پانچھزار
آیتین اوسکے سو ہین اور پینتیس ۳۵ | کلمی تیرہ سو اور اکتالیس ۱۳۴۱
اور کر تو رکوع آٹھ شمار

## بسم الله الرحمن الرحيم

طٰهٰ ۝

ع

وہی جو ہین نکتہ دان و رمز شناس | کر کے متشابہات انکو قیاس
کہتی ہین اون سے ہی مراد اس جا | نام قرآن یا کہ سورت کا
یا وہ اسماے حق سے ہی اک نام | یا ہی نام نبی علیہ سلام
یسین بنا وہی ہین اسجگہ دو حرف | اونسی حرف ندا ہوا محذوف
یا ہی مفتاح اسم طاہر طا | اور مفتاح اسم ہادی ہا
یا ہی طا ہا کا یا رجل مدلول | لغت عک سی جیون ہوا منقول
اصل اوسکی لکھی ہی یا ہذا | جیسے انوار مین کیا ایما
کر لیا قلب حرف طا یا سے | اور لیا صرف ہا کو ہذا سے
یا ہی طینت نبی کی طا سے مراد | اور ہمت ہی اونکی ہا سے مراد
یا کہ طوبیٰ مراد ہی طا سے | اور ہی ہاویہ غرض ہا سے
یا کہ امر وطا بطا ہی وہ طا | اور کنایت زمین سے ہی وہ ہا
کہتے ہین اوچ تھکتی تھی بہت چال | یہ تہجد جو دی ستو وہ آل
اک قدم پر قیام فرماتے | بسکہ تعویق ساتھ پیش آتے
آخرش سر بسر بہ پشت قدم | ہوگیا یکبیک سے پانونکی ورم
تب خدا نی یہ حکم بھیجوایا | اوس مشقت سی منع فرمایا
یا کہ بوجہل اور اوسکی یار | کرنی حضرت سی یون لگی گفتار
کہ ای محمد تبرک دین قدیم | تو عبث کھینچتا ہی رنج عظیم
یا کہا طعن سے کہ قرآن سب | ہی محمد پہ محض رنج و تعب

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ
عَبْدًا ۝ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝

اور نہ لائق ہی حق کو ای لبیب | کہ وہ اولاد پکڑی اور فرزند | ہی نہین کوئی شخص اے ور | بیچ افلاک اور زمین کی مگر
آنے والا خدا کا بندہ ہو | یعنے عرصات مین قیامت کو | بیگمان کر چکاہی اونکا حصا | اور فرمالیا ہی اونکا شمار
 | یعنے اوسنی لیا ہی سکو جان | کوئی شی اوس سے ہی نہین نہان |

وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝

اور سب آونگے ای دقیقہ شناس | آنیوالی ہین اوس خدا کی پاس | روز محشر اکیلے اور تنہا | غیر انصار اور بے رفقا

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝

بیگمان جو ہوے ہین گرویدہ | اور کیے ہین عمل پسندیدہ | زود ہووے کہ دیگا اونکی تئین | حق تعالی محبت الفت دین
یعنے فرمای خالق منعام | اونسی حب اور دوستی ناکام | یا کہ دیوی وہ اونکے دلمین ڈال | اپنی حب اور دوستی بکمال
یا کہ ڈالی محبت اونکی رب | خلق کی دلمین بی ظہور سبب | یون حدیث صحیح مین آیا | خواجۂ خلق نے یہ فرمایا
جسکو رکھتا ہی دوست رب جلیل | حکم کرتا ہی یون کہ ای جبریل | دوست رکھتا ہون مین فلانی کو | تو بھی اوسکا محب صادق ہو

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ
الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝

پس نہین اس لغیری کچہ بات | غور کر اسمین سید السادات | تا سناوی خوشی تو اوس سے مدام | ڈرنیوالونکو ای بلند مقام
 | اور ڈراوی تو اوس سے لوگونکو | جو خصومت مین سخت ہین بدخو |

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ
مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝

اور کتنی کہپا چکی ہین ہم | پہلے اون سب سے سنگتین بے ہم | کیا تو پاتا ہی اونمین کوئی بشر | ہو گئی ہین ہلاک جو یکسر
یا تو کرتا ہی گوش اونکی بہنک | وی جو پہلی ہوے ہین مستہلک | یعنے فانی ہوے وی اور پامال | پہونچتی ہی عذاب استیصال

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا

کیا نہ دیکھا ہی تونی اے نجو ۔ کہ دیا بھیج ہمنے دیوون کو ۔ کافرون پر کہ بات سلط تام ۔ ہین فریق اونکی سبیل دوام

وی اوٹھاتی ہین اونکو عصیان ۔ حق اوٹھانی کا ہی جو سزا ۔ پس شتابی نہ کر عذاب مین تو ۔ اونکو مت چاہ یون عقاب مین تو

ہم تو گنتی ہین اونکے گنتی کو ۔ تا کہ غلطی نہ اوسمین واقع ہو ۔ جبکہ پوری اجل کی ہون ایام ۔ پہونچین آ کے اپنے سزا کو وی ناکام

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا

یعنے جسدن کرینگے اکٹھا ہم ۔ تقوی والونکو استودہ شیم ۔ اوس خدا کی طرف کہ ہی رحمان ۔ اوسنے کرتا ہی رحمت و احسان

ہون بلائے بمہمانی وے ۔ از پی فضل و مہربانی وے ۔ یا کہ وی اونٹنیون پہ ہوکے سوار ۔ پہونچین جنت کو سب بعز و وقار

وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا

وقف لازم

اور ہانکین گے ہم بہائم وار ۔ مجرمونکو سوی دوزخ و نار ۔ تشنہ لب ہونگے اور سراسر پیاس ۔ یا پیادہ رو کسی کھوئی حواس

وقف لازم

لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا

نہ وی کر سکتی ہین سفارش کو ۔ اختیار سفارش اونکو نہو ۔ ہان مگر جسنے لی لیا ایمان ۔ حق تعالی کی پاس سے پیمان

ای سفارش کسی کی ہی تنہا ۔ جسکو وعدہ دیا سفارش کا ۔ غیر ماذون خالق اور مامور ۔ ہی کسیکی تئین نہ وہ مقدور

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا

اور لگین کہنے یون سے اہل عناد ۔ کہ پکڑلی خدانے ہی اولاد ۔ لا چکی ہو تم ایک شی بہاری ۔ تمنی حاصل کی اک گرانباری

یعنے بہاری گناہ مین اب تم ۔ مبتلا ہو گئی ہوای مردم

تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا أَنْ دَعَوْا الرَّحْمَٰنِ وَلَدًا

اب ہی نزدیک یہ کہ اسپر ور ۔ آسمان اوس سے پھٹ پڑین سرا ۔ اور پھٹ جا یہ زمین سارے ۔ اوس سخن سی کہ لائی تم بہاری

